SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 7, 2021

## SECP seeks comments on conversion of shareholding into book entry form

ISLAMABAD, May 7: In order to minimize shareholding disputes and make the entire process of holding, monitoring and transferring of shares much easier, cost-efficient and transparent, the SECP is considering a proposal requiring all the public listed, public unlisted, public interest and private limited companies to have their shares in book-entry form in compliance with Section 72 of the Companies Act, 2017.

Shares held in book-entry form shall have the same rights and privileges as shares held in physical certificate form. Once notified, all companies, required to replace their physical shares with book-entry form, shall apply to a depository, licensed by the SECP for conversion of physical shares and further issuance of shares in the book entry form. The depository shall prescribe procedures for such conversion and issuance of shares including documentation required, process to be followed and applicable fee/ charges.

Handling of shares in case of corporate actions i.e. issue of bonus/right shares and transfer or selling of shares would be much easier, if shares are converted into book-entry form. Book entry securities can be pledged to a bank to obtain financing against them. Furthermore, it would help to reduce the risks and costs associated with storing of physical share certificates, which are susceptible to be lost, stolen and /or damaged.

All stakeholders are invited to provide their feedback/opinion at https://forum2.secp.gov.pk on the proposal of conversion of physical shares into book entry, before May 20, 2021.

ایس ای سی پی نے کمپنیوں کے شئیرز بک انٹری فارمٹ میں رکھنے کی تجویز دے دی

اسلام آباد (مئی 7) کمپنیوں میں شئیر ہولڈ نگ کے تنازعات کو کم کرنے اور شئیرز کی ہولڈ نگ، مانیٹر نگ اور منتقلی کے عمل کو سہل، تیز تر اور شفاف بنانے کے پیش نظر، سکیور ٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے تمام پرائیویٹ لمیٹڈ، پبلک ان لسٹڈ، پبلک انٹرسٹ کمپنیوں کے شئیرز کو بک انٹری فارمٹ میں رکھنے کی تجویز دیتے ہوئے شراکت داروں سے رائے طلب کر لی ہے۔

تمام کمپنیوں کے شئیرز کو بک انٹری فارمٹ میں رکھنا کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 72 کے تحت بھی ضروری ہے تاہم ابھی تک صرف سٹاک مارکیٹ میں لسٹڈ کمپنیوں کے شئیرز ہی سینٹرل ڈیپازٹری کے پاس بک فارمٹ یاڈیمیٹ میں رکھے جاتے ہیں۔ایس ای سی پی نے تمام شراکت داروں اور دلچسپی رکھنے والے افراد سے اس تجویز پر رائے طلب کرلی ہیں۔ تجاویز و آراء ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجود ڈسکشن کے پلیٹ فارم پر 20 مئی تک بھجوائی جاسکتی ہیں۔

بک انٹری فارمٹ میں کمپنیوں کے شئیرز کو کاغذی شکل کے بجائے الیکٹرانک یاڈیجیٹل فارمٹ میں ایک ڈیپازٹری کے پاس ڈیمیٹ اکاوئنٹ میں محفوظ رکھاجاتاہے۔ شئیرز کی الیکٹرانک فارم میں موجودگی سے یہ محفوظ رہتے ہیں جبکہ انکی منتقلی، فروخت اور لین دین کا عمل سہل، شفاف اور تیزتر ہوجاتاہے۔ الیکٹرانک شئیرز کی گمشدگی، چوری یاان میں جعل سازی کے امکانات بھی معدوم ہوجاتے ہیں۔ بک انٹری فارم میں موجود شئیرز کو بنکوں میں گروی رکھوا کر قرض بھی لیاجاسکتاہے۔

اس تجویز کی منظوری کے بعد، تمام کمپنیوں بشمول پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ اپنے کاغذی شئیرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے کسی ڈیپازٹری کو درخواست دیں جو کہ کمپنی کے شئیرز کو اپنے الیکٹرانک اکاوئنٹ میں محفوظ رکھے گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005